**ویکسین کا معلوماتی بیان**

# انفلوئنزا ویکسین

*آپ کو کیاجاننا درکار ہے*

(ویکسین
غیر فعال شدہ)

**2013-2014**

بسپانوی اور دیگر کئی زبانوں میں ویکسین کی معلومات کے کئی بیانات دستیاب ہیں۔ ملاحظہ کریں www.immunize/or/vis :
Hojas de Información Sobre Vacunas están disponiblesen Español y en muchos otros idiomas. Visite www.immunize.org/vis

## 1 ویکسین کیوں لگوائی جائے

انفلوئنزا (فلو) ایک چھوت کی بیماری ہے جو ہر موسم سرما میں عموماً اکتوبر اور مئی کے درمیان میں امریکہ بھر میں پھیلتی ہے۔

فلو انفلوئنزا وائرس سے پیدا ہوتا ہے، اور کھانسنے، چھینکنے، اور قریبی رابطے سے پھیل سکتا ہے۔

فلو ہر ایک کو ہو سکتا ہے لیکن بچوں میں فلو ہونے کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ علامات اچانک پیدا ہوتی ہیں اور کئی دنوں تک رہ سکتی ہیں۔ ان میں شامل ہوسکتی ہیں:

- بخار/کپکپی
- گلے میں خراش
- پٹھوں میں درد
- تھکاوٹ
- کھانسی
- سردرد
- ناک بہنا یا بند ہونا

فلو سے کچھ لوگ دوسروں کی نسبت زیادہ بیمار ہو سکتے ہیں۔ ان لوگوں میں چھوٹے بچے، 65 سال اور اس سے زائد عمر کے لوگ، حاملہ خواتین، اور صحت سے متعلق عوارض—جیسے دل، پھیپھڑے اور گُردے کی بیماری میں مبتلا یا کمزور مامونیتی نظام کے حامل لوگ شامل ہیں ۔ فلو ویکسین اِن لوگوں اور ان کے ساتھ قریبی رابطہ رکھنے والوں کے لئے خصوصی طور پر اہم ہے ۔

فلو کے نتیجے میں نمونیا ہو سکتا ہے، اور یہ موجودہ طبی حالات کو ابتر کر سکتا ہے۔ یہ بچوں میں اسہال اور دورے پیدا کر سکتا ہے۔

ہر سال **امریکہ میں ہزاروں لوگ فلو سے مر جاتے ہیں** اور اس سے زیادہ لوگ ہسپتالوں میں داخل ہو جاتے ہیں۔

**فلو ویکسین** ہی ہمارے پاس فلو اور اس کی پیچیدگیوں کے خلاف بہترین حفاظت ہے۔ فلو ویکسین فلو کو ایک شخص سے دوسرے شخص تک پھیلنے سے بھی روکتی ہے۔-

## 2 غیر فعال شدہ فلو ویکسین

انفلوئنزا ویکسین کی دو اقسام ہیں:

آپ ایک **غیر فعال شدہ** فلو ویکسین لے رہے ہیں جس میں کوئی زندہ انفلوئنزا وائرس شامل نہیں ہے۔ اس کو سوئی کے ساتھ ایک ٹیکے کی صورت میں لگایا جاتا ہے، اور اسے اکثر "فلو شاٹ" کہتے ہیں۔

ایک مختلف **زندہ، ضعیف** (کمزور شدہ) انفلوئنزا ویکسین کا چھڑکاؤ نتھنوں میں کیا جاتا ہے۔ *اس ویکسین کو ایک علیحدہ ویکسین کے معلوماتی بیان میں بیان کیا گیا ہے۔*

فلو ویکسین کی ہر سال سفارش کی جاتی ہے۔ 6 ماہ سے 8 سال کے بچوں کو ویکسین لینے کے پہلے سال دو خوراکیں لینی چائیں۔

فلو وائرس ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں۔ ہر سال ان وائرسوں کے خلاف ویکسین بنائی جاتی ہے جن کا اُس سال بیماری پیدا کرنے کا سب سے زیادہ امکان ہو۔ اگرچہ فلو ویکسین فلو کی تمام صورتوں کو نہیں روک سکتی، تاہم بیماری کے خلاف یہ ہمارا بہترین دفاع ہے۔ غیر فعال شدہ فلو ویکسین 3 یا 4 مختلف انفلوئنزا وائرسوں کے خلاف حفاظت کر سکتی ہے۔

ویکسین لگانے کے بعد حفاظت پیدا ہونے میں تقریباً 2 ہفتے لگتے ہیں اور یہ حفاظت کئی ماہ سے لے کر ایک سال تک رہتی ہے۔

بعض بیماریاں جو انفلوئنزا وائرسوں کی وجہ سے نہیں پیدا ہوتیں، ان کو غلطی سے فلو سمجھا جاتا ہے۔ فلو ویکسین ان بیماریوں کو نہیں روکے گی۔ یہ صرف انفلوئنزا کو روک سکتی ہے۔

65 سال اور اس سے زائد عمر کے لوگوں کے لئے ایک "تیز خوراک" ویکسین دستیاب ہے۔ آپ کو ویکسین لگانے والا شخص آپ کو اس کے بارے میں مزید معلومات دے سکتا ہے۔

چند غیر فعال ویکسینوں میں تھائیمیروسال (Thimerosal) نامی پارے پر مبنی تحفظی شامل ہوتا ہے۔ مطالعہ جات نے دکھایا ہے کہ ویکسین میں تھائیمیروسال کی موجودگی نقصان دہ نہیں ہے، لیکن ایسی ویکسینیں دستیاب ہیں جن میں تحفظی شامل نہیں ہوتا۔

## 3 بعض لوگوں کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہئے

آپ کو جو شخص ویکسین لگائے اس کو بتا دیں:

- **اگر آپ کو کوئی شدید (جان لیوا) الرجیاں ہیں:** اگر آپ کو کبھی فلو ویکسین کی ایک خوراک سے کسی جان لیوا الرجی کا رد عمل ہوا ہو یا آپ کو اس ویکسین کے کسی جزو سے شدید الرجی ہو تو ہو سکتا ہے آپ کو اس کی خوراک نہ لگوانے کا مشورہ دیا جائے۔ فلو ویکسین کی زیادہ تر اقسام میں، لیکن سب میں نہیں، انڈے کی تھوڑی سی مقدار ہوتی ہے۔
- **اگر آپ کو کبھی Guillain-Barré Syndrome** (GBS نامی فالج میں مبتلا کرنے والی ایک بیماری) **کا عارضہ لاحق ہوا ہو۔** GBS کی سرگزشت کے حامل بعض لوگوں کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہئے۔ اس بارے میں آپ کو اپنے ڈاکٹر کے ساتھ تبادلۂ خیال کرنا چاہئے۔
- **اگر آپ کی طبیعت ناساز ہو۔** ہوسکتا ہے وہ آپ کو ٹھیک ہونے تک انتظار کرنے کے لئے کہیں۔ لیکن آپ کو واپس آنا چاہئے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 4 ویکسین کے ایک ردّ عمل کا خطرہ

ایک ویکسین کے ساتھ، کسی دوا کی طرح، ضمنی اثرات کا امکان ہوتا ہے۔ یہ عموماً ہلکے ہوتے ہیں اور خود بخود ختم ہو جاتے ہیں۔

خطرناک ضمنی اثرات بھی ممکن ہیں، لیکن بہت شاذو نادر ہوتے ہیں۔ غیر فعال شدہ فلو ویکسین میں زندہ وائرس نہیں ہوتے، اس لئے **اس ویکسین سے فلو میں مبتلا ہونا ممکن نہیں۔**

کسی طبی طریقۂ کار، بشمول ویکسین لگانے کے بعد غشی کے مختصر دورے اور متعلقہ علامات (جیسے جھٹکے والی حرکات) پیدا ہو سکتی ہیں۔ **ویکسین لگوانے کے بعد تقریباً 15 منٹ تک بیٹھنے یا لیٹنے سے غش کھانے یا گرنے کے باعث چوٹ لگنے سے پرہیز کی جا سکتی ہے۔** اگر آپ کو چکر آئیں یا سرگرانی یا بینائی میں تبدیلیاں محسوس ہوں یا کانوں میں گھنٹیاں بجیں تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

غیر فعال شدہ فلو ویکسین کے بعد **ہلکے مسائل**:

- ٹیکہ لگانے کی جگہ پر دُکھن، سرخی یا ورم
- آواز کا بیٹھ جانا؛ آنکھوں میں دُکھن یا خارش، کھانسی
- بخار
- ٹِیسیں
- سر درد
- خارش
- تھکاوٹ

اگر یہ مسائل پیدا ہو جائیں تو یہ عموماً ٹیکا لگنے کے بعد جلد ہی شروع ہو جاتے ہیں اور 1 یا 2 دنوں تک رہتے ہیں۔

غیر فعال شدہ فلو ویکسین کے بعد **معتدل مسائل**:

- چھوٹے بچے جو غیر فعال شدہ ویکسین اور نیوموکوکل ویکسین (PCV13) ایک ہی وقت میں لیتے ہیں، کو بخار کے باعث ہونے والے دوروں کا زیادہ خطرہ ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں۔ اگر فلو ویکسین لگوانے والے کسی بچے کو کبھی دورہ پڑا ہو تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

غیر فعال شدہ فلو ویکسین کے بعد **شدید مسائل**:

- کسی ویکسین کے بعد (اندازاً ایک ملین خوارکوں میں سے ایک میں) ایک شدید الرجی کا رد عمل پیدا ہو سکتا ہے۔
- تھوڑا سا امکان ہے کہ فلو ویکسین -Guillain (GBS)BarréSyndrome سے مربوط ہو سکتی ہے، ویکسین لگوانے والے ایک ملین افراد میں سے 1 یا 2 صورتوں سے زیادہ نہیں۔ یہ فلو ویکسین کی خطرناک پیچیدگیوں کے خطرے کی نسبت بہت کم ہے جن سے فلو ویکسین کے ذریعے پرہیز کیا جا سکتا ہے۔

ویکسین کی حفاظت کی ہمیشہ نگرانی کی جاتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: **/www.cdc.gov/vaccinesafety**

## 5 اگر خطرناک رد عمل ہو جائے تو کیا کرنا چاہئے؟

**مجھے کس چیز پر نظر رکھنی چاہئے؟**

- جس چیز سے آپ کو تشویش ہو اس پر نظر رکھیں، جیسے الرجی کے ایک خطرناک رد عمل کی علامات، بہت تیز بخار، یا رویّے میں تبدیلیاں۔

الرجی کے ایک خطرناک رد عمل کی علامات میں شامل ہو سکتی ہیں، چھپاکی، چہرے اور گلے کی سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی دھڑکن میں تیزی، سر چکرانا، اور کمزوری۔ یہ ویکسین لگوانے کے چند منٹوں سے لے کے چند گھنٹوں کے بعد شروع ہوتی ہیں۔

**مجھے کیا کرنا چاہئے؟**

- اگر آپ کا خیال ہو کہ یہ ایک شدید الرجی کا ردّ عمل ہے یا کوئی دوسری ہنگامی حالت ہے جس میں انتظار نہیں کیا جا سکتا، تو 9-1-1 پر فون کریں یا اس شخص کو نزدیکی ہسپتال میں لے جائیں۔ ورنہ، اپنے ڈاکٹر کو فون کریں۔
- اس کے بعد، اس رد عمل کی اطلاع ویکسین کے ناخوشگوار واقعے کی اطلاع دینے کے نظام (VAERS) کو دینی چاہئے۔ ہو سکتا ہے آپ کا ڈاکٹر یہ رپورٹ دائر کر دے یا آپ VAERS کی ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** کے ذریعے یا **1-800-822-7967** پر فون کرکے یہ کام خود کر سکتے ہیں۔

*VAERS صرف رد عمل کی اطلاع دینے کے لئے ہے وہ طبی مشورہ نہیں دیتے۔*

## 6 ویکسین سے نقصان کے معاوضے کا قومی پروگرام

ویکسین سے نقصان کے معاوضے کا قومی پروگرام (VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جسے ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لئے تخلیق کیا گیا تھا جنہیں، ہو سکتا ہے، بعض ویکسینوں کی وجہ سے نقصان پہنچا ہو۔

وہ لوگ جن کا خیال ہو کہ، ہو سکتا ہے، انہیں کسی ویکسین سے نقصان پہنچا ہے، 1-800-338-2382 پر فون کر کے یا VICP کی ویب سائٹ www.hrsa.gov/vaccinecompensation کو ملاحظہ کر کے پروگرام کے بارے میں اور ایک دعویٰ دائر کرنے کے بارے میں جان سکتے ہیں۔

## 7 میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

- اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو فون کریں۔
- مرض کے قابو اور پرہیز کے مراکز (CDC) سے رابطہ کریں:
  - **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر فون کریں یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/flu** ملاحظہ کریں۔

---

ویکسین کا معلوماتی بیان (عبوری)

غیر فعال شدہ انفلوئنزا ویکسین

صرف

کیلئے

Office Use Only

07/26/2013

42 U.S.C. § 300aa-26

Influenza (inactivated) VIS - Urdu

Translation provided by the New York City Department of Health and Mental Hygiene